Paper Code : CC-13 /AR-304 Dr. Shabnam Fatima

Topic : Status of Shah Waliullah among the Ummah

Part - 4

ان سب کے علاوہ امت اسلامیہ سے عمومی اور جامع خطاب کیا ہے اور ان کے مرض کو متعین کرکے ان کا علاج بھی بتایا ہے۔ ان خصوصی خطابات میں شاہ صاحب کے دل کا درد اسلامی ہمدردی کا جوش، دعوت کا جذبہ اور زورِ قلم اس بلندی پر نظر آتا ہے۔ جس کی مثال گذشتہ اصلاح کرنے والی شخصیتوں اور تنقید کرنے والے افراد کی کتابوں میں ملنی مشکل معلوم

ہوتی ہے۔ شاہ صاحب نے اپنی ایک مشہور
کتاب میں اس طرح کے خصوصی خیالات کو
انتہائی حکمت اخلاقی جرئت سے پیش کیا
ہے۔ جس کو دیکھ کر تاریخ کا طالب علم
حیرت میں پڑ جاتا ہے۔ اور وہ ان باتوں سے
اصلاحی سبق لینے پر مجبور ہو جاتا ہے۔
ایسا معلوم ہوتا ہے گویا قدرت نے شاہ صاحب کے
دور کی اصلاح کے لئے شاہ ولی اللہ کی شخصیت
کا انتخاب کیا تھا۔ کہ وہ اپنے دور کی گری
ہوئی حالت اور پستی کو بلندی کی طرف لے
جانے کا کارنامہ انجام دے سکیں۔

Scanned with CamScanner